10 جولائی 2014ء

مالی سال14ء کے دوران پاکستانی ورکرز کی ترسیلات زر میں 13.72 فیصد اضافہ، 15.83 ارب ڈالر بھیجے گئے

بیرون ملک مقیم پاکستانی ورکرز کی جانب سے مالی سال 14ء (جولائی تا جون) کے دوران 15,832.25 ملین ڈالر کی ترسیلات زر وطن بھیجی گئیں جو 13.72 فیصد کی نمو کو ظاہر کرتا ہے جبکہ مالی سال 13ء (جولائی تا جون) کے دوران 13,921.66 ملین ڈالر بھیجے گئے تھے۔

مالی سال 14ء (جولائی تا جون) کے دوران سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، امریکہ، برطانیہ، دیگر جی سی سی ممالک (بشمول بحرین، کویت، قطر اور سلطنت عمان) اور یورپی یونین کے ممالک سے بالترتیب 4,729.38 ملین ڈالر، 3,109.43 ملین ڈالر، 2,464.14 ملین ڈالر، 2,180.14 ملین ڈالر، 1,860.03 ملین ڈالر اور 431.79 ملین ڈالر کی ترسیلات زر وطن آئیں جبکہ جولائی تا جون مالی سال 13ء کے دوران ان ملکوں سے بالترتیب 4,104.73 ملین ڈالر، 2,750.17 ملین ڈالر، 2,186.24 ملین ڈالر، 1,946.01 ملین ڈالر، 1,607.88 ملین ڈالر اور 357.37 ملین ڈالر کی ترسیلات زر موصول ہوئی تھیں۔ مالی سال 14ء کے دوران ناروے، سوئٹزر لینڈ، آسٹریلیا، کینیڈا، جاپان اور دیگر ممالک سے 1,057.34 ملین ڈالر کی ترسیلات زر موصول ہوئیں جبکہ مالی سال 13ء کے دوران ان ممالک سے 969.16 ملین ڈالر کی ترسیلات زر موصول ہوئی تھیں۔

جون 2014ء میں سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، امریکہ، برطانیہ، دیگر جی سی سی ممالک (بشمول بحرین، کویت، قطر اور سلطنت عمان)، اور یورپی یونین کے ممالک سے بالترتیب 471.88 ملین ڈالر، 295.63 ملین ڈالر، 222.34 ملین ڈالر، 200.82 ملین ڈالر، 168.62 ملین ڈالر اور 37.42 ملین ڈالر کی ترسیلات زر وطن آئیں جبکہ جون 2013ء کے دوران ان ملکوں سے بالترتیب 353.18 ملین ڈالر، 218.60 ملین ڈالر، 179.96 ملین ڈالر، 171.94 ملین ڈالر، 138.18 ملین ڈالر اور 31.03 ملین ڈالر کی ترسیلات زر موصول ہوئی تھیں۔ مالی سال 14ء کے آخری مہینے جون کے دوران ناروے، سوئٹزر لینڈ، آسٹریلیا، کینیڈا، جاپان اور دیگر ممالک سے 102.57 ملین ڈالر کی ترسیلات زر موصول ہوئیں۔

☆☆☆